محمد اسرار ابن مدنی
نائب مدیر "الحق"



تعارف و تبصرہ کتب

● محاضرات تعلیم ....ڈاکٹر محمود احمد غازی

مرحوم ڈاکٹر محمود احمد غازی کا نام علمی حلقوں میں محتاج تعارف نہیں۔ محاضرات کے عنوان سے مختلف علوم سے متعلقہ ان کے افادات کو ایک وسیع پیمانے پر عوام اور اہل علم میں پذیرائی حاصل ہوچکی ہے۔ زیر تبصرہ کتاب تعلیم سے متعلق ان کے قیمتی خطبات کا مجموعہ ہے۔ اس مجموعے کے آٹھ خطبات اس سے پہلے الشریعہ اکیڈمی گوجرانوالا سے 'مسلمانوں کی دینی وعصری نظام تعلیم' کے عنوان سے کتابی شکل میں شائع ہوچکی ہے۔ ڈاکٹر سید عزیز الرحمٰن نے اس میں ڈاکٹر غازی صاحب کے مزید چار تعلیمی خطبات کا اضافہ کر کے اسے 'محاضرات تعلیم' کے نام سے شائع کیا ہے۔ یہ خطبات عالم اسلام میں تعلیمی تجربات، پاکستان میں دینی تعلیم، قدیم وجدید تعلیم میں ہم آہنگی، مسلمانوں کی تعلیمی روایت اور عصر حاضر اور عصر حاضر میں علما کی ذمہ داریاں جیسے اہم موضوعات پر دیے گئے ہیں۔ ان میں سے ہر خطبہ اپنے موضوع پر قارئین کو تازہ ترین (Up-to-date) معلومات فراہم کرتا ہے، اور تعلیمی مسائل پر غور وفکر کے لیے نئی راہیں کھولتا ہے۔ ڈاکٹر غازی صاحب مرحوم نے اپنی دینی تعلیم مدارس سے حاصل کی تھی، اور اس کے بعد ایک طویل عرصے تک وہ عصری تعلیمی اداروں میں رہے تھے، عصری اور دینی تعلیم کے امتزاج کی وجہ سے ان کی گفتگو میں توازن، اعتدال اور حقیقت پسندی کا پہلو نمایاں ہے۔ امید ہے کہ ہمارے ملک میں تعلیم کے حوالے سے کام کرنے والے حضرات اس کاوش کو سراہیں گے اور مستقبل کا لائحہ عمل طے کرنے کیلئے اس سے روشنی حاصل کریں گے۔ ناشر: دارالعلم والتحقیق کراچی۔

● سہ ماہی المظاہر (کوہاٹ) ....مولانا محمد طفیل قاسمی

ضخامت: ۹۰ صفحات ...... قیمت: ۳۰ روپے فی شمارہ

ملنے کا پتہ: جامعہ مظاہر العلوم، ڈاکخانہ بل ٹنگ پنڈی روڈ کوہاٹ (0332 3009045)

آئے روز رسائل ومجلات شائع ہوتے رہتے ہیں لیکن رسائل کی اس بھرمار میں بکثرت ایسے رسائل ہیں جو بہت سے زیادہ وقیع نہیں ہوتے، لیکن اُمید افزا بات یہ ہے کہ بعض رسائل ایسے بھی منظر عام